# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 11 January-2026

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۱؍جنوری ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

پیش ہیں خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ سومناتھ سوابھیمان پَرو کا آج وزیرِاعظم کی موجودگی میں انعقاد۔

☆ پرِکشا پہ چرچا پروگرام کیلئے اس بار چار کروڑ سے زائد افراد کا ریکارڈ رجسٹریشن۔

☆ میونسپل کارپوریشن انتخابات میں سیاسی جماعتوں کی جانب سے ایک دوسرے کے خلاف پولس میں شکایات۔

☆ چھترپتی سمبھا جی نگر میں گیارہویں اجنٹا-ایلورہ فلم فیسٹیول کا اعلان۔

اور۔۔۔☆ بھارت اور نیوزی لینڈ کے مابین پہلا ایک روزہ بین الاقوامی کرکٹ میچ آج وڑودرہ میں۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے...

وزیرِاعظم نریندر مودی دورۂ گجرات کے دوران آج سومناتھ سوابھیمان پَرو میں شرکت کریں گے۔ اس سلسلے میں وہ کل سومناتھ پہنچے۔ سن 1026ء میں سومناتھ مندر پر حملے کے ایک ہزار برس مکمل ہونے' نیز آزادی کے بعد 1951ء میں اس مندر کی تعمیرِنو کے 75 سال مکمل ہونے کی مناسبت سے یہ تقریب منعقد کی جارہی ہے۔ اس خصوص میں آج سومناتھ مندر میں ہونے والے مختلف پروگرامز میں وزیرِاعظم شرکت کریں گے۔ بعدازاں سومناتھ مہاپوجا کے بعد وہ ایک جلسۂ عام سے بھی خطاب کریں گے۔

***** ***** *****

پرِکشا پہ چرچا پروگرام کیلئے اس بار چار کروڑ سے زائد افراد نے رجسٹریشن کیا ہے۔ گذشتہ برس گنیز بک میں درج ساڑھے تین کروڑ رجسٹریشن سے بھی یہ تعداد زیادہ ہے۔ مرکزی وزیرِتعلیم دھرمیندر پردھان نے سماجی رابطوں پر جاری کردہ ایک بیان میں کہا کہ امتحانات کے دوران پیدا ہونے والے نفسیاتی دباؤ کو کم کرنے کیلئے منعقد کیا جانے والا یہ پروگرام ایک سماجی تحریک بن چکا ہے۔ انھوں نے تمام طلبہ سے اس پروگرام میں شرکت کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

53ویں نئی دہلی عالمی کتاب میلے کا افتتاح کل دھرمیندر پردھان کے ہاتھوں عمل میں آیا۔ 9 دن چلنے والے اس کتاب میلے میں ناشرین' مصنّفین' قارئین اور ثقافتی حلقوں سے وابستہ نمائندے ایک جگہ آئیں گے۔ اس بار کے کتاب میلے کا مرکزی عنوان ''ہندوستانی عسکری تاریخ-شجاعت اور دانشمندی کے 75 سال'' ہے۔

***** ***** *****

صحتِ عامہ اور خاندانی بہبود کے وزیر پرکاش آبٹکر نے ہدایت کی ہے کہ محکمہ میں برسرِ کار افسران کی ترقی یا تبادلے، ان کی کارکردگی کی تشخیصی رپورٹ کی بنیاد پر کیے جائیں۔ کل اس ضمن میں ممبئی میں منعقدہ ایک جائزہ اجلاس سے وہ خطاب کر رہے تھے۔ شہریوں کو مزید مؤثر طبّی خدمات فراہم کرنے کیلئے سی ایس آر دینے والے اداروں کو تجاویز ارسال کرنے کی ہدایت وزیرِ موصوف نے کی۔

***** ***** *****

ریاست میں میونسپل انتخابات کی تشہیری مہم میں تیزی آئی ہے۔ دورانِ تشہیر الزامات اور جوابی الزامات کے ساتھ ساتھ اب سیاسی جماعتوں کی جانب سے ایک دوسرے کے خلاف پولس تھانوں میں بھی شکایات درج کروائی جا رہی ہیں۔

چھترپتی سمبھا جی نگر میں ایم آئی ایم کے امیدوار سمیت 11 افراد کے خلاف پولس نے مقدمہ درج کیا ہے۔ ان پر مخالف امیدوار کی انتخابی مہم میں رخنہ اندازی کے مرتکب ہونے کا الزام ہے۔

چھترپتی سمبھا جی نگر میں ہی بی جے پی کے امیدوار رینو کا داس ویدیہ کے سوشل میڈیا اکاؤنٹ کو ہیک کیے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ اس سلسلے میں سائبر پولس میں شکایت درج کروائی گئی ہے۔

***** ***** *****

کانگریس پارٹی نے انتخابی کمیشن میں شکایت درج کروائی ہے کہ بی جے پی رہنماء اور وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے 2 جنوری کو ممبئی میٹرو میں جو انٹرویو دیا تھا وہ ضابطۂ اخلاف کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ یہ اطلاع کانگریس کے ریاستی سیکریٹری رام کرشن شندے نے دی۔

***** ***** *****

بی جے پی نے ممبئی اور ناگپور کے پارٹی کے 58 عہدیداروں کو پارٹی مخالف سرگرمیوں اور نظم وضبط شکنی کی پاداش میں چھ برس کیلئے پارٹی سے خارج کر دیا ہے۔

***** ***** *****

شیوسینا اُدّھو باڑا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے سربراہ اُدّھو ٹھاکرے نے کل چھترپتی سمبھا جی نگر میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کیا۔ اس پروگرام میں ان کے ہاتھوں سمبھا جی نگر کیلئے پارٹی منشور کا اجراء عمل میں آیا۔ اس موقع پر اُدّھو ٹھاکرے نے بی جے پی کی پالیسیوں اور کارکردگی پر سخت نکتہ چینی کی۔

***** ***** *****

بدلاپور جنسی استحصال کے معاملے میں شریک ملزم تشار آپٹے نے کل کُلگاؤں بدلاپور بلدیہ کے کوآپٹ ممبر کے عہدے سے استعفیٰ دے دیا۔ بی جے پی نے انھیں پرسوں کوآپٹ ممبر کی حیثیت سے نامزد کیا تھا۔ بعد ازاں، مخالفین کی جانب سے تنقید کے بعد انھوں نے استعفیٰ دے دیا۔ ونچت بہوجن آگھاڑی، کانگریس، راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار گروپ اور شیوسینا اُدّھو باڑا صاحب ٹھاکرے پارٹی نے بھی بی جے پی کے اس فیصلے پر سخت تنقید کی تھی۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

ریاستی ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کی جانب سے بارہویں جماعت کے طلبہ کیلئے کل پیر سے آن لائن ہال ٹکٹ جاری کیے جائیں گے۔ ریاستی بورڈ کے سیکریٹری ڈاکٹر دیپک ماڑی نے بتایا ہے کہ ان ہال ٹکٹس پر صدر مدرس یا پرنسپل کے دستخط اور مہر لازمی ہوں گے۔

***** ***** *****

ملک کے دوسرے وزیرِ اعظم آنجہانی لال بہادر شاستری کی 60 ویں برسی پر آج انھیں خراجِ عقیدت پیش کیا جا رہا ہے۔ 1965 میں پاکستان سے جنگ کے بعد روس کے شہر تاشقند میں مصالحت کیلئے گئے لال بہادر شاستری کی 11 جنوری 1966 کو موت واقع ہوگئی تھی۔

***** ***** *****

خلافِ قانون سروس چارج عائد کرنے پر ملک کی 27 ریستوران کے خلاف CCPA یعنی مرکزی تحفظِ صارفین اتھاریٹی نے کارروائی کی ہے۔ ان ہوٹلوں پر 50 ہزار روپئے تک کا جرمانہ عائد کیا گیا ہے اور صارفین پر عائد کیے گئے سروس چارج کو واپس کرنے، نیز اپنے بلنگ سسٹم میں تبدیلی کرنے کا حکم سی سی پی اے نے دیا ہے۔ ان میں ممبئی کے چند ریستوران بھی شامل ہیں۔ تحفظِ صارفین کے تحت سروس چارج عائد کرنا غیر قانونی کاروبار قرار دیا گیا ہے۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ وامن بھاؤ مہاراج کے افکار، سماج کو روحانیت، اخلاقیات اور اتحاد کا درس دیتے ہیں۔ بیڑ ضلع کے پاٹودہ میں واقع گہینی ناتھ گڑھ میں سنت وامن بھاؤ مہاراج کے سورن مہوتسو پروگرام سے وہ کل خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر وزیرِ ماحولیات پنکجا منڈے بھی موجود تھیں۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں گیارہویں اجنٹا - ایلورہ بین الاقوامی فلم فیسٹیول کا کل اعلان کر دیا گیا۔ ہدایت کار چندر کانت کلکرنی، فیسٹیول کے ڈائریکٹر سنیل سُکھٹھنکر اور صنعت کار رنند کشور کاگلیوال نے ایک مشترکہ پریس کانفرنس میں یہ اطلاع دی۔ 28 جنوری تا یکم فروری کے درمیان چھترپتی سمبھاجی نگر میں پروزون مال کے آئی ناکس تھیٹر میں یہ فیسٹیول ہوگا۔ عالمی سطح کے متعدد فنکار اس میں شرکت کریں گے اور فیسٹیول میں کئی فلموں کی نمائش کی جائیگی۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت کی جانب سے حال ہی میں منظور کردہ ترقی یافتہ بھارت جی رام جی قانون پر جالنہ کے رکنِ پارلیمان ڈاکٹر کلیان کاڑے نے سخت تنقید کی ہے۔ کل ایک اخباری کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ مرکزی حکومت نے اس اسکیم میں فنڈز کی تقسیم میں تبدیلی کر کے 40 فیصد بوجھ ریاستوں پر ڈال دیا ہے اور معاشی بدحالی کا شکار ریاستیں روزگار ضمانتی اسکیم کے کام بھی نہیں چلا سکیں گی۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کی ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کا پہلا مرکزی لوک کلا مہوتسو آج سے شروع ہو رہا ہے۔ جس میں چار اسٹیجوں پر 11 اقسام کے فنون پیش کیے جائیں گے اور 377 فنکار اس میں حصہ لیں گے۔ اس فیسٹیول میں چار اضلاع کے کالجوں کی 61 ٹیمیں اور یونیورسٹی و ذیلی احاطوں کی ایک، ایک ٹیم اس طرح کُل 63 ٹیمیں شرکت کریں گی۔

***** ***** *****

بھارت اور نیوزی لینڈ کے مابین تین ایک روزہ بین الاقوامی کرکٹ میچوں کی سیریز کا آج سے آغاز ہو رہا ہے۔ سیریز کا پہلا میچ آج وڑودرہ میں کھیلا جائے گا۔ دوپہر ڈیڑھ بجے اس میچ کا آغاز ہوگا۔ دوسرا میچ 14 تاریخ کو راجکوٹ میں اور تیسرا میچ 18 جنوری کو اندور میں کھیلا جائے گا۔ اس سیریز کے بعد دونوں ٹیموں کے مابین پانچ ٹی ٹوئنٹی میچ بھی کھیلے جائیں گے۔

***** ***** *****

موسم: ریاست میں کل سب سے کم درجۂ حرارت ساڑھے آٹھ ڈگری سیلسئیس اہلیا نگر میں درج کیا گیا' جبکہ پونہ میں کم سے کم درجۂ حرارت ساڑھے نو ڈگری سیلسئیس رہا۔ مراٹھواڑہ میں کم سے کم درجہ حرارت بیڑ میں ساڑھے دس' چھترپتی سمبھاجی نگر میں دس اعشاریہ آٹھ ڈگری اور پربھنی میں 11 ڈگری سیلسئیس ریکارڈ کیا گیا۔

***** ***** *****

## :::::سرخیاں:::::

**اور آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر...**

☆ سومناتھ سوابھیمان پَروکا آج وزیرِ اعظم کی موجودگی میں انعقاد۔

☆ پرِکشا پہ چرچا پروگرام کیلئے اس بار چار کروڑ سے زائد افراد کا ریکارڈ رجسٹریشن۔

☆ میونسپل کارپوریشن انتخابات میں سیاسی جماعتوں کی جانب سے ایک دوسرے کے خلاف پولس میں شکایات۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر میں گیارہویں اجنٹا-ایلورہ فلم فیسٹیول کا اعلان۔

اور۔۔۔☆ بھارت اور نیوزی لینڈ کے مابین پہلا ایک روزہ بین الاقوامی کرکٹ میچ آج وڑودرہ میں۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****